## سوال

(476) دو رضاعی بہنوں کو بیک وقت نکاح میں جمع کرنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب کسی آدمی کے نکاح میں ایک بیوی ہو پھر وہ اس کی رضاعی بہن سے شادی کر لے اس حال میں کہ پہلی بیوی طلاق کی عدت گزار رہی ہے کیا یہ عقد صحیح ہو گا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب رضاعت ثابت ہو گئی اور ہو بھی وہ دو سالوں کے اندر اندر اور پانچ مرتبہ دودھ پی کر تو مذکورہ عقد صحیح نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا عمومی ارشاد ہے۔

حُرِّمَت عَلَيكُم أُمَّهـٰتُكُم وَبَناتُكُم وَأَخَوٰتُكُم وَعَمّـٰتُكُم وَخـٰلـٰتُكُم وَبَناتُ الأَخِ وَبَناتُ الأُختِ وَأُمَّهـٰتُكُمُ الّـٰتى أَرضَعنَكُم وَأَخَوٰتُكُم مِنَ الرَّضـٰعَةِ وَأُمَّهـٰتُ نِسائِكُم وَرَبـٰئِبُكُمُ الّـٰتى فى حُجورِكُم مِن نِسائِكُمُ الّـٰتى دَخَلتُم بِهِنَّ فَإِن لَم تَكونوا دَخَلتُم بِهِنَّ فَلا جُناحَ عَلَيكُم وَحَلـٰئِلُ أَبنائِكُمُ الَّذينَ مِن أَصلـٰبِكُم وَأَن تَجمَعوا بَينَ الأُختَينِ إِلّا ما قَد سَلَفَ إِنَّ اللَّهَ كانَ غَفورًا رَحيمًا ٢٣ ... سورة النساء

"حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری لڑکیاں اور تمہاری بہنیں، تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھائی کی لڑکیاں اور بہن کی لڑکیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا ہو اور تمہاری دودھ شریک بہنیں اور تمہاری ساس اور تمہاری وہ پرورش کردہ لڑکیاں جو تمہاری گود میں ہیں، تمہاری ان عورتوں سے جن سے تم دخول کر چکے ہو، ہاں اگر تم نے ان سے جماع نہ کیا ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں اور تمہارے صلبی سگے بیٹوں کی بیویاں اور تمہارا دو بہنوں کا جمع کرنا ہاں جو گزر چکا سو گزر چکا، یقیناً اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے"

نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ"[1]

"رضاعت سے اتنے ہی رشتے حرام ہوتے ہیں جتنے رشتے نسب کی وجہ سے حرام ہوتے ہیں۔"

جب مطلقہ اپنی عدت سے فارغ ہو جائے اور یہ آدمی اس کی رضاعی بہن سے شادی کرنے کا ارادہ رکھے تو وہ بھی دوسرے نکاح کا پیغام بھیجنے والوں میں سے ایک ہو گا۔ (محمد بن ابراہیم)

---

[1]۔ صحیح البخاری رقم الحدیث(2502) صحیح مسلم رقم الحدیث(1447)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

**صفحہ نمبر 413**

محدث فتویٰ